ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستانی کرکٹ ٹیم کی اسٹار نیشن ورلڈ کپ جرسی کی رونمائی

لاہور 28 اگست، 2023:

پاکستانی کرکٹ ٹیم کی ورلڈ کپ 2023 کی اسٹار نیشن جرسی کی رونمائی کر دی گئی ہے۔

اس سلسلے میں پیر کے روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقدہ تقریب میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیرمین ذکا اشرف نے شرکت کی۔ یہ تقریب اس بات کو ظاہر کر رہی تھی کہ پاکستانی ٹیم آنے والے آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

ورلڈ کپ کی یہ اسٹار نیشن جرسی در حقیقت پاکستانی کرکٹ کے ہیروز اور پُرجوش سپورٹرز کے تعلق کو ظاہر کرتی ہے۔ اس جرسی کا ہر اسٹار کرکٹ کے میدان میں کارناموں۔ چمک دمک اور کچھ کر دکھانے کی خواہش کی عکاسی کرتا ہے۔ اس جرسی کے ڈیزائن میں وہ جذبہ بھی نمایاں ہے جو کرکٹ سے محبت کرنے والے ہر پاکستانی کے اندر گونجتا رہتا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیرمین ذکا اشرف کا کہنا ہے کہ اسٹار نیشن جرسی سے دراصل ہمارے کرکٹرز اور جوشیلے شائقین کے درمیان ہر میچ میں ایک مضبوط تعلق سے جڑے رہیں گے۔ یہ جرسی ہماری کرکٹ کی شاندار روایات اور ورثے اور روشن مستقبل کی عکاس ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر کمرشل عثمان وحید کا کہنا ہے کہ یہ اسٹار نیشن جرسی صرف ایک یونیفارم نہیں ہے بلکہ اس پر کامیابیاں۔ قربانیاں اور کہانیاں نمایاں ہیں۔ اس کا ہر اسٹار شائقین کی بھرپور حوصلہ افزائی اور ہمارے ہیروز کی روایات کو بیان کرتا ہے۔ اس میں ایک ایک نکتہ بڑی خوبی سے شامل کیا گیا ہے جس سے یہ ہر پاکستانی میں فخر کا احساس پیدا کرے گی۔

یہ اسٹار نیشن جرسی کو پاکستان کرکٹ بورڈ کی آفیشل آن لائن اسٹور۔

Shop.pcb.com.pk

سے آرڈر پر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

یہ جرسی پہن کر شائقین فخریہ انداز میں اپنے قومی ہیروز کے کارناموں کو یاد کرنے کے علاوہ پاکستانی کرکٹ ٹیم کو سپورٹ کرسکتے ہیں جو آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 میں ہماری شاندار روایات دکھانے کے لیے تیار ہے۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk